Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED

DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
بانی غلام مصطفیٰ جتوئی
ملتان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر ساجد جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر ڈاکٹر بلال راؤ

جلد 14 | پیر، 30 ستمبر 2024ء، 25 ربیع الاول 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 308

مزدوروں پر حملوں کے بہیمانہ واقعات کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے شہباز شریف

بے گناہ مزدوروں پر حملہ سفاکانہ اور قابل مذمت فعل ہے

صدر زرداری

مزدوروں پر حملوں کے بہیمانہ واقعات کی ،جتنی مذمت کی جائے کم ہے‘شہباز شریف ،تمام ہمدردیاں جاں بحق مزدوروں کے لواحقین کے ساتھ ہیں، ،محسن نقوی

اسلام آباد(این این آئی)صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، وزیراعلیٰ پنجاب وبلوچستان،وزیرداخلہ سمیت دیگر سیاسی رہنماؤں نے پنجگور میں مزدوروں کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں سوگوار خاندان کے ساتھ کھڑے ہیں۔صدر پاکستان آصف علی زرداری نے پنجگور میں مزدوروں کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے قیمتی جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔انہوں نے جاں بحق افراد کے لواحقین کے ساتھ تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے واقعے کے زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔آصف زرداری نے نہتے مزدوروں کونشانہ بنانے والے دہشتگردوں کیخلاف موثر کارروائی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بے گناہ مزدوروں، عام شہریوں کو نشانہ بنانا (بقیہ نمبر 27)

وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کررہی ہیں

پنجاب میں غنڈہ گردی نہیں چلے گی

عظمیٰ بخاری

کاہنہ میں غنڈہ گردی کے بعد پی ٹی آئی نے راولپنڈی پر یلغار کرنے کی ناکام کوشش کی‘ گنڈاپور دونمبر مولاجٹ نہ بنیں، اپنے صوبے کے عوام کی فکر کریں

خیبر پختونخواہ میں لوگ اغواء ہورہے ہیں، ٹی ٹی پی والے املاک کو آگ لگا رہے ہیں، علی امین گنڈاپور پنجابیوں ،پختونوں کولڑوانا چاہتے ہیں،ہم سیاسی گدھ نہیں جو لاشوں کا انتظار کریں

کے پی کے میں تعلیمی ادارے بند ہورہے ہیں، واجب الادا قرض کا حجم 630 ارب روپے تک پہنچ گیا ہے‘ وزیراطلاعات پنجاب کی پریس کانفرنس

لاہور(این این آئی)صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ علی امین گنڈا پور ہوش کے ناخن لیں، پنجاب میں بدمعاشی اور غنڈہ گردی کی اجازت نہیں،آپ کو پنجاب میں قانون کو ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دیں گے، پی ٹی آئی نے راولپنڈی میں دفعہ 144 کی خلاف ورزی کی، قانون کو ہاتھ میں لینے والوں سے سختی سے نمٹا جائے گا،انہوں نے کاہنہ میں بھی قانون کی خلاف ورزی کی۔پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ پنجاب کی ترقی سے جلتے ہیں،خیبر پختونخواہ کے لوگوں کو ان سے پوچھنا چاہیے کہ یہاں ترقی کیوں نہیں ہوتی، فتنہ پارٹی پاکستان کے عوام کو ترقی کرتا نہیں دیکھنا چاہتی، آپ نے احتجاج کرنا ہی ہے تو خیبر پختونخوا ہ میں کیوں نہیں کرتے؟ ،خیبر پختونخواہ میں امن وامان پر اجلاس کیوں نہیں ہوتا؟۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ خیبر پختونخواہ میں یونیورسٹیوں کی تعداد کم کی جارہی ہے، وہاں اساتذہ کی 30ہزار سے زائد اسامیاں خالی ہیں، آپ کو خدمت (بقیہ نمبر 34)

رانا سجاد حسین سے انکے والد کی وفات پر اظہار تعزیت

چیئرمین سینٹ نے رام کلی کے علاقہ میں رانا سجاد حسین کی رہائش گاہ پر جا کر انکے والد کی وفات پر گہرے اور افسوس کا اظہار کیا

مرحوم کی سیاسی و سماجی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا، چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی

ملتان (اے پی پی): سابق وزیراعظم وچیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی نے صوبائی حلقہ پی پی۔ 217 سے پیپلز پارٹی کے امیدوار و رہنما رانا سجاد حسین کے والد رانا اقبال حسین کی وفات پر اظہار تعزیت کیا۔چیئرمین نے اتوار کو یہاں رام کلی کے علاقہ میں رانا سجاد حسین کی رہائش گاہ پر جا کر ان کے والد کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہا کیا۔چیئرمین سینٹ نے فاتحہ خوانی کی،مرحوم کے بلند درجات اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔چیئرمین سینٹ نے کہا کہ مرحوم کی سیاسی و سماجی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔اس موقع پر رانا شاہد الحسن، نعیم خان، رانا علی حسن ٹھیکیدار، رانا فرمان رانا طارق حنیف اور دیگر معززین علاقہ بھی موجود تھے۔

چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی کی پیپلز پارٹی رہنما رانا سجاد حسین سے انکے والد کی وفات پر اظہار تعزیت

پاکستان کو عمان سے کثیر زرمبادلہ حاصل ہوتا ہے

چوہدری سالک حسین

پاکستان اور عمان نے لیبر اور افرادی قوت کے تبادلے سے متعلق مفاہمت نامے کو جلد حتمی شکل دینے پر اتفاق کیا

جس سے پاکستانی افرادی قوت میں اضافہ اور پاکستان سے عمان کیلئے افرادی قوت کی آسانی سے نقل وحرکت میں مدد ملے گی

سمندر پار پاکستانیز اور انسانی وسائل کی ترقی کے وزیر چوہدری سالک حسین اور سلطنت عمان کے وزیر سیاحت محنت ڈاکٹر مہاد بن بی بن علی باوین کے درمیان ملاقات

مسقط اسلام آباد (پ ر) پاکستان اور عمان نے لیبر اور افرادی قوت کے تبادلے سے متعلق مفاہمت نامے کو جلد حتمی شکل دینے پر اتفاق کیا جس سے پاکستانی افرادی قوت میں اضافہ اور پاکستان سے عمان کیلئے افرادی قوت کی آسانی سے نقل وحرکت میں مدد ملے گی۔اس بات کا فیصلہ سمندر پار پاکستانیز اور انسانی وسائل کی ترقی کے وزیر چوہدری سالک حسین اور سلطنت عمان کے وزیر سیاحت محنت ڈاکٹر مہاد بن بی بن علی باوین کے درمیان مسقط میں ہونے والی ملاقات میں کیا گیا۔چوہدری سالک حسین سلطنت عمان کے تین روزہ دورے پر ہیں جہاں وہ عمان کے مختلف وزراء سے ملاقات بقیہ نمبر 28)

بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ 12,000 خاندانوں کو ہنگامی امداد کی فراہمی

امدادی کٹس میں شیلٹرز، سولر پینلز، کمبل، پلاسٹک میٹ، کچن سیٹ، واٹر کولر اور اینٹی بیکٹیریل صابن شامل ہے

یہ اقدام انسانی ہمدردی کی کوششوں کے لیے مملکت سعودی عرب کے عزم کی نشاندہی کرتا ہے

اسلام آباد: (سٹی رپورٹر) پاکستان میں سیلاب اور شدید بارشوں سے متاثرہ 12,000 خاندانوں کی اہم ضروریات کو پورا کرنے کیلئے کنگ سلمان ریلیف سنٹر نے 12,000 شیلٹر اور نان فوڈ آئٹمز (NFIs) پر مشتمل کٹس روانہ کی ہیں۔امدادی کٹس میں شیلٹرز، سولر پینلز، کمبل، پلاسٹک میٹ، کچن سیٹ، واٹر کولر اور اینٹی بیکٹیریل صابن پر مشتمل ان 12,000 شیلٹر NFIs کٹس سے 84,000 افراد سے زائد افراد مستفید ہونگے ۔ یہ کٹس پاکستان کے 20 متاثرہ اضلاع جن میں اپر چترال، لوئر چترال، کوہستان، مانسہرہ، ڈیرہ اسماعیل خان، نصیر آباد، اُستہ محمد، جھل مگسی، قلعہ سیف اللہ، راجن پور، کوٹ ادو، مظفر گڑھ، بدین، سجاول، سانگھڑ، جیکب آباد، استور، غذر، کوٹلی اور بھمبر میں رہنے والے متاثرین میں نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ بقیہ نمبر 29)

سواں گارڈن ہاؤسنگ سوسائٹی انتظامیہ بجلی چور نکلی

ایف آئی آر درج

سابق صدر سواں گارڈن سوسائٹی عنصر گوندل کے خلاف 62 کروڑ روپے غبن کی انکوائری جاری

جودہ صدر سواں گارڈن رضا گوندل بھائی کو بچانے کے لئے سرگرم ۔سواں گارڈن کے رہائشی بھی سراپہ احتجاج

ڈی سی سمیت اعلیٰ حکام کو درخواستیں دیں لیکن سب بے سود۔سواں گارڈن کے رہائشی پانی کی بوند بوند کو ترس گئے

راولپنڈی (نمائندہ آئیڈیل پاکستان) سواں گارڈن ہاوسنگ سوسائٹی انتظامیہ بجلی چور نکلی آئیسکو نے بجلی چوری کی ایف آئی آر کٹوا دی ۔سابق صدر سواں گارڈن سوسائٹی عنصر گوندل کے خلاف 62 کروڑ روپے غبن کی انکوائری جاری موجودہ صدر سواں گارڈن رضا گوندل بھائی کو بچانے کے لئے سرگرم ۔سواں گارڈن کے رہائشی بھی سراپہ احتجاج ڈی سی سمیت اعلی حکام کو درخواستیں دیں لیکن سب بے سود۔سواں گارڈن کے رہائشی پانی کی بوند بوند کو ترس گئے سواں گارڈن انتظامیہ چائنہ کٹنگ میں مصروف دستاویزات کے مطابق موجودہ صدر نے انکوائری آفیسر ایوب مینگریو کے خلاف بھی ہراساں کرنے کی درخواست دے دی چھوٹا بائی رضا گوندل اپنے بڑے بھائی سابقہ صدر سواں گارڈن ہاوسنگ سوسائٹی کو بچانے کے لئے اثرو رسوخ استعمال کر رہا ہے سابقہ صدر نے فیس ٹو سواں گارڈن کے نام پر زمین موجود نہ ہونے کے باوجود سولہ سو پلاٹ الاٹ کر دیا جس پر ہائی کورٹ کی ڈائریکشن پر ایف اے نے ایف آئی آر 29/23 درج بقیہ نمبر 30)

جی ایم اوز کی افادیت سے متعلق غلط فہمیاں دور کرنا ضروری ہے رانا تنویر

سویا بین کو تحقیق کے دائرے میں شامل کر کے اس کی سائنسی افادیت کو تسلیم کیا جائے ،ڈاکٹر عابد

موسمیاتی تبدیلی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے ان فصلوں کو اپنانا ہوگا، گول میز کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد(نمائندہ آئیڈیل پاکستان) وفاقی وزیر برائے قومی تحفظِ خوراک وتحقیق، رانا تنویر حسین نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ جی ایم اوز کی درآمد اور استعمال کے بارے میں تمام متعلقہ وزارتوں کو ایک متفقہ فیصلے پر لانے کیلئے کابینہ کمیٹی کا اجلاس بلائیں گے تا کہ اس بارے میں متفقہ پالیسی اپنائی جا سکے۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار ایک گول میز کانفرنس میں کیا جس میں مقررین نے جینیاتی طور پر تبدیل شدہ اجناس (جی ایم اوز) کی زراعت میں افادیت اور ان سے متعلقہ غلط فہمیوں کو دور کرنے کیلئے سائنسی بنیادوں پر ایک جامع تحقیق کا مطالبہ کیا۔یہ مکالمہ امریکی سویا بین ایکسپورٹ کونسل (یو ایس ایس ای سی) کی جانب سے پاکستان میں سویا بین کی درآمد پر عائد رکاوٹوں اور جینیاتی طور پر تبدیل شدہ اجناس کے خلاف پائی جانے والی مزاحمت کے موضوع پر منعقد کیا گیا تھا۔کانفرنس میں وفاقی وزیر برائے قومی تحفظِ خوراک وتحقیق، رانا تنویر حسین نے مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کی اور موضوع کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔رانا تنویر حسین نے جی ایم اوز سویا بین کی درآمد کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ اس موضوع پر حتمی فیصلہ وزارت موسمیاتی تبدیلی کے ماہرین کی رائے کی بنیاد پر کیا جائے گا تا کہ سائنسی بقیہ نمبر 31)

حسن نصر اللہ کی شہادت سے خطے میں عدم استحکام مزید بڑھے گا، پاکستان

شہری آبادیوں پر اسرائیلی حملے تشویشناک ہیں، پاکستان لبنان کے عوام سے یکجہتی کے لیے ساتھ کھڑا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے مشرق وسطیٰ میں بڑھتی اسرائیلی مہم جوئی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہری آبادیوں پر اسرائیلی حملے تشویشناک (بقیہ نمبر 35)

وفاقی وزیر عبدالعلیم کا حسن نصر اللہ کی شہادت پر اظہار افسوس

امن کے داعی عالمی اداروں کیلئے کھلا چیلنج ہے،اسرائیل کو قتل عام سے روکنا ہوگا

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر سرمایہ کاری بورڈ ، مواصلات اور نجکاری عبدالعلیم خان نے لبنانی مزاحمتی تنظیم حزب اللہ کے قائد حسن نصر اللہ کی شہادت پر اظہار افسوس (بقیہ نمبر 33)

دہشتگردوں کی فائرنگ 7 مزدور جاں بحق

پنجگور کے علاقے خدا آباد ان میں مسلح افراد نے گھر میں گھس کر اندھا دھند فائرنگ کی

واقعے کے بعد پولیس، سیکیورٹی اہلکار اور کارکنان جائے وقوعہ پہنچے

کوئٹہ (آئی آئی پی) بلوچستان کے علاقے پنجگور میں ایک گھر پر فائرنگ کے نتیجے میں 7 مزدور جاں بحق ہوگئے۔ضلعی انتظامیہ کے مطابق پنجگور کے علاقے خدا آباد ان میں مسلح افراد نے گھر میں گھس کر اندھا دھند فائرنگ کی جس کے نتیجے میں 7مزدور جاں بحق جبکہ ایک شدید زخمی ہوا۔واقعے کے بعد پولیس، سیکیورٹی اہلکار اور کارکنان جائے وقوعہ پہنچے جہاں سے لاشوں ور زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا۔ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ مرنے والے تمام افراد مزدور تھے تاہم ان کی مزید شناخت نہیں ہوسکی۔ادھر واقعے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے ملزمان کی گرفتاری کے لیے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کردیا۔

سبز مصالحہ جات کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں

پیاز کے سرکاری نرخ 145 روپے کلو ہوگئے، مارکیٹ میں پیاز 170 روپے کلو فروخت

لاہور(این این آئی)صوبائی دارالحکومت لاہو رمیں سبز مصالحہ جات کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، پیاز اور ٹماٹر کے نرخوں میں مزید اضافہ ہوگیا۔سرکاری ریٹ لسٹ میں پیاز کی قیمت میں پانچ روپے کا اضافہ ہوگیا جس کے بعد پیاز کے سرکاری نرخ 145 روپے کلو ہوگئے جبکہ مارکیٹ میں پیاز 170 روپے کلو فروخت ہورہا ہے، ٹماٹر کی قیمت میں 30 روپے اضافہ کردیا گیا، سرکاری ریٹ لسٹ میں ٹماٹر 140 روپے جبکہ مارکیٹ میں 180 روپے کلو بیچا جارہا ہے۔اسی طرح آلو 83 روپے کی بجائے مارکیٹ میں 90 روپے، لہسن 550 روپے کی بجائے 700 روپے میں فروخت کیا جارہا ہے،ادرک چائنہ 10 روپے اضافہ سے 670 روپے کلو ہوگیا۔

صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین سے انٹرنیشنل لیبر اینڈ ٹریڈ کے وفد کے ہمراہ گروپ فوٹو

لیسکو میں خراب، جلنے والے میٹرز کی تعداد 40 ہزار سے تجاوز کر گئی

کمپنی کے پاس تھری فیز میٹرز کا سٹاک ختم ہونے کے قریب ہے

لاہور(این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی میں خراب اور جلنے والے میٹرز کی تعداد 40 ہزار سے تجاوز کر گئی،صارفین کو پرانے تھری فیز میٹرز لگانے کا سلسلہ شروع کر دیا گیا۔تفصیلات کے مطابق مون سون سیزن کے دوران خراب اور جلنے والے میٹرز کو تبدیل نہیں کیا جا سکا،مون سون سیزن کے دوران 40 ہزار سے زائد صارفین کے سنگل وتھری فیز میٹر خراب ہوئے۔کمپنی کے پاس تھری فیز میٹرز کا سٹاک ختم ہونے کے قریب ہے،خراب میٹرز کو تبدیل کرنے کے لئے پرانے میٹرز کو نصب کرنے کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے،نیٹ میٹرنگ پراجیکٹ کے تحت اترنے والے میٹرز کو دوبارہ لگایا جارہا ہے۔

دو بھائیوں میں جائیداد کے تنازعہ پر فائرنگ، 12 افراد زخمی

فائرنگ کے دوران عرس میراں حسین زنجانی پر آنے والے عقیدت مند بھی زخمی ہوئے

لاہور(این این آئی)لاہور کے علاقہ مصری شاہ میں جائیداد کے تنازعہ پر دو بھائیوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں 12 افراد زخمی ہوگئے، ایک کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کردیا گیا۔پولیس کے مطابق مصری شاہ کے رہائشی دو بھائیوں ملک آسی اور ملک مانی کے درمیان جائیداد کے تنازعہ پر تلخ کلامی ہوئی جس پر ملک مانی کے بیٹے فہد نے اندھا دھند فائرنگ کر دی۔پولیس کا کہنا ہے کہ فہد نامی لڑکے کی فائرنگ کی زد میں آ کر مجموعیطور 12 افراد زخمی ہوگئے، ملزم فہد کا والد اور چچا ملک آسی بھی زخمی ہوگیا۔فائرنگ کے دوران عرس میراں حسین زنجانی پر آنے والے عقیدت مند بھی زخمی ہوئے۔زخمیوں کو فوری میو اور سروسز ہسپتال پہنچایا گیا جہاں ملک آسی کی حالت نازک ہے۔

رکشہ ڈرائیور فروٹ لوڈ کرتے ہوئے حرکت قلب بند ہونے سے دم توڑ گیا

لاہور(این این آئی)راوی روڈ کے علاقے میں 55 سالہ رکشہ ڈرائیور فروٹ لوڈ کرتے ہوئے حرکت قلب بند ہونے سے دم توڑ گیا۔ایدھی ترجمان کے مطابق متوفی کی شناخت 55 سالہ ریاض ولد محمد شفیع کے نام سے ہوئی جو چونیاں کا رہائشی تھا۔

نبی پاک رحمتہ اللعالمین میں ان کا امتی ہونے پر فخر ہے

عاصمہ بٹ

تمام تہواروں میں عظیم تہوار عید میلاد النبی کا ہے ۔درود پاک کی محفل سجانا ہماری خوش قسمتی ہے،چیئرپرسن ڈولفن کمیونیکیشن

عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مناسبت سے راولپنڈی آرٹس کونسل میں منعقدہ بابرکت محفل کا انعقاد

ہ گروپ کی جانب سے ہدیہ نعتیہ کلام پیش کیا گیا،اور اختتام پر امت مسلمہ، پاکستان کی سلامتی کیلئے دعا کی گئی

راولپنڈی (نمائندہ آئیڈیل پاکستان) معروف ہدایت کارہ،مصنفہ اور ڈولفن کمیونیکیشن کی چیئرپرسن عاصمہ بٹ نے کہا کہ نبی پاک رحمتہ اللعالمین ہیں۔ان کا امتی ہونے پر فخر ہے۔جس نے نبی پاک کی سنت اپنائی،وہ دنیا وآخرت میں سرخرو ہوا۔انھوں نے یہ بات عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مناسبت سے راولپنڈی آرٹس کونسل میں منعقدہ بابرکت محفل کے دوران کہی۔اس موقع پر قرآن خوانی کی گئی،سلمہ گروپ کی جانب سے ہدیہ نعتیہ کلام پیش کیا گیا،اور اختتام پر امت مسلمہ، پاکستان کی سلامتی اور ہر شعبہ سے وابستہ افراد کے لیے اجتماعی دعا کی گئی۔اس موقع پر صحافت،فن ،سیاسی ،سماجی ومختلف مکتبہ فکر سے وابستہ شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔جن میں مسلم لیگ ن یوتھ ونگ ڈویژنل صدر نعیم پاشا،مسز ممتاز ملک،ملیحہ آپا،محمودہ قمر،گلفرین،لائن کلبز کی صدر نگینہ،اسلم مغل،شکیل اعوان،ناصر اسلم راجہ،عامر سجاد سید،عابد عباسی ،رحمان،امجد ،رئیس احمد خان ،انجم حبیبہ ،طاہر صدیقی،شیبا بٹ ،ذوالقرنین حیدر، جھلک علی،انجم عباسی،ارشد خان،سویرا شہزادی،سعدیہ بتول، ودیگر شامل تھے۔عاصمہ بٹ نے کہا کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ "جس نے میری سنت سے محبت کی، اس نے مجھ سے (بقیہ نمبر 9)

راولپنڈی میں آرٹس کونسل میں معروف ڈائریکٹر و پروڈیوسر عاصمہ بٹ کی جانب سے منعقدہ محفل میلاد میں خواتین ہدیہ عقیدت پیش کررہی ہیں۔

وزیراعظم اور آرمی چیف کے وژن اور حکمت عملی سے پاکستان ترقی کی شاہراہ پر چل پڑا ہے

اگر پاک فوج دہشتگردی میں اپنی قربانیاں پیش نہ کرتی تو انتشار کی حکومت کرنے والوں نے ملک تباہ کردیا ہوتا

پی ٹی آئی کے آئے روز کے جلسے جلوسوں کو نہ روکا گیا تو ہم کبھی آگے نہیں بڑھ پائیں گے،ایم این اے سردار عامر طلال خان گوپانگ

مظفر گڑھ(ڈسٹرکٹ رپورٹر آئیڈیل پاکستان نازک حسین خان غزلانی) وزیراعظم میاں شہباز شریف اور آرمی چیف کے ویژن اور حکمتِ عملی سے پاکستان ترقی کی شاہراہ پر چل پڑا ہے، اگر پاک فوج دہشتگردی میں اپنی قربانیاں پیش نہ کرتی تو انتشار کی حکومت کرنے والوں نے ملک تباہ کردیا ہوتا، پی ٹی آئی کے ائے روز کے جلسے جلوسوں کو نہ روکا گیا تو ہم کبھی اگے نہیں بڑھ پائیں گے، ان خیالات کا اظہار وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے پاور ڈویژن ایم این اے سردار عامر طلال خان گوپانگ نے ایم پی اے سید سبطین رضا، ایم پی اے نواب جگو خان گوپانگ کے ہمراہ معروف سماجی شخصیت میاں ابوذر غفاری سے ملاقات میں کہا اس موقع پر سابق ضلعی چیئرمین سردار محمد عمر خان گوپانگ، ملک جمیل پنوہاں، سابق صدر بار ملک مجیب الرحمٰن جکھڑ، ملک خاور عباس کھلو، جام اللہ بخش ٹانوری، غلام نبی خان مندوس، سید دیوان زبیر شاہ، رانا خلیل قلندری، جان اقبال سرکی، ملک رجب حسین لانگ، سردار تنویر خان گوپانگ، مولا داد خان، بھی ان کے ہمراہ تھے، اس موقع پر سردار محمد عمر خان گوپانگ نے کہا کہ گوپانگ گروپ ہمیشہ دوستوں کو ساتھ لے کر چلتا ہے ہم گوپانگ گروپ میں شامل ہونے (بقیہ نمبر 10)

پارلیمانی سیکرٹری برائے پاور ڈویژن ایم این اے سردار عامر طلال خان گوپانگ، ایم پی ایز سید سبطین رضا، سردار نواب خان گوپانگ، کی سابق چیئرمین میاں ابوذر غفاری سے ملاقات عمائدین علاقہ، سردار محمد عمر خان گوپانگ، ملک جمیل پنوہاں، ملک خاور عباس کھلو، غلام نبی مندوس، جام اللہ بخش، سابق صدر بار ملک مجیب الرحمٰن جکھڑ، ملک رجب حسین تنویر خان گوپانگ، مولا داد خاں بھی ہمراہ ہیں

وزیر تعلیم پنجاب کا طلبا کو دبئی کی سیر کرانے کا اعلان

جامعات میں ایسی ڈگری پڑھائیں گے کہ جاب کیلئے سفارش نہ ڈھونڈنی پڑے

لاہور(آئی آئی پی) صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے طلبا کو دبئی کی سیر کرانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ جامعات میں ایسی ڈگری پڑھائیں گے کہ جاب (بقیہ نمبر 37)

عمران خان کے خلاف 28 ستمبر احتجاج پر 2 نئے مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) پولیس نے گزشتہ روز تحریک انصاف کے (بقیہ نمبر 36)

PAGE 2 EDITORIAL ادارتی صفحہ

پاک فوج کے کردار کا عالمی سطح پر اعتراف

آرمی چیف چیف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ وہ افراد جو معاشرے میں مایوسی پھیلانے کی ناکام کوششیں کر رہے تھے، تمام سٹیک ہولڈرز کی اجتماعی کوششوں سے شکست کھا چکے ہیں۔ دورہ کراچی میں تاجر برادری سے سے خطاب میں انہوں نے مزید کہا کہ قوم کو پاکستان کے روشن مستقبل پر مکمل یقین ہے۔ پاکستان اللہ کے حکم سے اپنے حقیقی مقام تک پہنچے گا۔

پاکستان کو معاشی سیاسی اور دہشت گردی کے حوالے سے کئی چیلنجز درپیش تھے۔ پاک فوج جانوں کے نذرانے پیش کر کے دہشت گردی اور دہشت گردوں کو منطقی انجام سے دو چار کر رہی ہے۔ بیرونی طاقتیں تو پاکستان کے خلاف بروئے کار ہیں ہی، کچھ اندرونی عناصر بھی پاکستان کے خلاف سازشیں بنتے رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ففتھ جنریشن وار بھی معاشرے میں مایوسی کا سبب بن رہی تھی۔ ریاست کی طرف سے کیے گئے فول پروف اقدامات کے باعث معاشرے میں مایوسی پھیلانے والے لوگوں کو آرمی چیف کے بقول شکست ہو چکی ہے۔ یہی حقیقت اور سچ بھی ہے۔ پاک فوج کے لیے دہشت گردی بہت بڑا چیلنج تھا۔ اس چیلنج کے ساتھ جس طرح پاک فوج نے نمٹا۔ اس کا عالمی سطح پر بھی اعتراف کیا جا رہا ہے۔ سابق سری لنکن آرمی چیف جنرل دایا رتنائی کے کی طرف سے کہا گیا ہے کہ عسکری اور سیاسی قیادت نے باہمی تعاون سے دہشت گردوں کو جس جرائتمندانہ انداز میں نشان عبرت بنایا وہ مسلمہ حقیقت ہے۔ پاکستان میں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کامیابی کا کریڈٹ جنرل عاصم منیر کو جاتا ہے۔ بلا شبہ دہشت گردی کے خاتمہ میں پاک فوج کا اہم کردار ہے جس کے جوانوں اور افسروں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ آرمی چیف کی فہم وفراست سے ہی دہشت گردی کی جنگ میں کامیابی ملی ہے جبکہ سوشل میڈیا پر ریاستی اداروں کیخلاف پروپیگنڈے کو روکنے میں بھی پاک فوج کا اہم کردار ہے۔

صحت کے مسائل

(تحریر حمزہ خالد غوری)

فیصل آباد پاکستان کا تیسرا اور پنجاب کا دوسرا بڑا شہر ہے جس کی آبادی تقریباً ایک کروڑ سے زائد ہے۔ فیصل آباد ایک اہم صنعتی شہر ہے جو ٹیکسٹائل کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہے یہی وجہ ہے کہ اسے پاکستان کا مانچسٹر کہا جاتا ہے بڑا شہر ہونے کے ساتھ ساتھ اس کے مسائل بھی بڑے ہیں جس میں سب سے بڑا اور اہم مسئلہ صحت کی سہولیات کا فقدان ہے ایک کروڑ سے زائد آبادی والے شہر کے لیے صرف اور صرف سات سرکاری ہسپتال ہیں جن میں الائیڈ ہسپتال سول ہسپتال فیصل آباد انسٹیٹیوٹ آف کارڈیولوجی جنرل ہسپتال سمن آباد جنرل ہسپتال غلام محمد آباد نصرت فتح علی خان ہسپتال اور چلڈرن ہسپتال شامل ہیں سابق حکمران وزیر اعلیٰ محسن نقوی کے دور میں فیصل آباد کے اسپتالوں میں مختلف تعمیراتی اور بہتری کے کام کیے گئے ہیں تاکہ شہریوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے اسپتالوں کے انفراسٹرکچر کو بہتر کرنے کے ساتھ ساتھ نئے بلاکس اور شعبہ جات کی تعمیرات پر بھی توجہ دی۔ لیکن مریضوں کے علاج کے لیے کوئی خاطر خواہ اقدامات نہ کیے جا سکے جس میں سب سے بنیادی مسئلہ بیڈز کی کمی ہے خاص طور پر الائیڈ ہسپتال میں جہاں مریضوں کی تعداد بہت زیادہ ہوتی ہے جس کی وجہ سے وہاں اکثر مریضوں کو فوری علاج فراہم کرنا ممکن ہوتا ہے الائیڈ ہسپتال میں پنجاب کے دیگر شہروں اور دیہی علاقوں سے مریض آتے ہیں لیکن سہولیات کے فقدان کی وجہ سے مریضوں کو مایوسی اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ایک بیڈ پر دو سے تین مریض دیکھنے کو ملتے ہیں ہسپتالوں میں رش زیادہ ہونے کی وجہ سے اور عملے کی کمی کی وجہ سے ڈاکٹرز پر بوجھ زیادہ ہوتا ہے زیادہ مریضوں کو چیک اپ کرنے کی وجہ سے ڈاکٹرز کا رویہ مریضوں کے ساتھ بہت سخت ہوتا ہے وسائل اور سہولیات کی کمی ہوتی ہے جیسا کہ ادویات آلات اور دیگر ضروری سامان کی قلت کی وجہ سے ڈاکٹروں کو مریضوں کے علاج میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس سے جس سے مریضوں کی مایوسی میں اضافہ ہوتا ہے ڈاکٹروں کو بہتر کمیونیکیشن سکلز اور مریضوں سے مودبانہ رویہ اختیار کرنے کی تربیت نہیں دی جاتی جو ان کے لیے سخت رویے کا باعث بنتی ہے سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی کمی بھی ایک بہت اہم مسئلہ ہے جس کی سب سے بڑی وجہ بجٹ کی کمی ہے جس کی وجہ سے ضروری ادویات خریدنے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے حکومت کی جانب سے جاری کردہ فنڈز محدود ہوتے ہیں جو تمام ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ناکافی ہوتے ہیں بدخوانی کی وجہ سے ہسپتالوں کو فراہم کی گئی ادویات مارکیٹ میں فروخت کر دی جاتی ہیں یا ان کا غلط طریقے سے استعمال کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے ہسپتالوں میں مریضوں کے لیے ادویات کی قلت ہو جاتی ہے سرکاری ہسپتالوں میں کینٹین کا مسئلہ بھی بڑی اہمیت کا حال ہے کنٹین والے مریضوں اور تیمارداروں سے زیادہ قیمت وصول کرتے ہیں اس منافع خوری کے باوجود بھی وہ سستا اور معیاری کھانا فراہم نہیں کرتے مریض بیچارے پہلے ہی پریشانیوں اور مشکلات کا شکار ہوتے ہیں اوپر سے کنٹین والے انہیں مزید پریشان کرتے ہیں زیادہ تر یہ صورتحال کنٹین مالکان کی ملی بھگت کی وجہ سے ہوتی ہے اور باقاعدہ نگرانی نہ ہونے کی وجہ سے یہ عمل جاری رہتا ہے سرکاری ہسپتالوں میں صفائی کا نظام انتہائی ناقص ہوتا ہے ہسپتالوں کے واش روم انتہائی گندے ہوتے ہیں جو مزید بیماریوں کا سبب بنتے ہیں کروڑوں کا بجٹ جاری ہونے کے باوجود اسے استعمال نہیں کرتے ان کی غیر ذمہ داری ان تمام تر صورتحال کا سبب بنتی ہے

سرکاری ہسپتالوں میں بڑے مسئلوں میں سے ایک بڑا مسئلہ پارکنگ کا بھی ہے سرکاری ہسپتالوں کے پارکنگ اسٹینڈز پر موجود مافیا اور عوام کو لوٹنے کی صورتحال واقعی ایک اہم مسئلہ ہے۔ اکثر پارکنگ اسٹینڈز کو ٹھیکے پر دیا جاتا ہے، لیکن بعض صورتوں میں ٹھیکیدار ان کے ورکرز عوام سے زیادہ پیسے وصول کرتے ہیں یا پارکنگ کے جعلی ٹکٹ دیتے ہیں، جس سے عوام کو نقصان ہوتا ہے حکومت کو چاہیے کہ ہسپتالوں کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر کرنے بیڈز کی تعداد کو بڑھایا جائے۔

جدید طبی حالات فراہم کیے جائیں۔

ڈاکٹرز اور نرسز کی تعداد بڑھائی جائے اور عملے کی تربیت کی جائے شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔

صفائی کے بہتر انتظامات کیے جائیں۔

مزید فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

صحت: دماغ کو خوشی کا احساس دلانے کی تربیت کے لیے 8 عادتیں

دبئی (سی ایم لنکس) بھارتی اخبار "ٹائمز آف انڈیا" کی رپورٹ کے مطابق بعض عادات ایسی ہیں جو ذہن کو طویل مدت تک سرور رہنے کی تربیت دینے میں مددگار ہو سکتی ہیں۔ نیچے بتائی گئی سادہ عادتوں کو روزانہ انجام دے کر دماغی مسرت محسوس کرنے کی صلاحیت کو بڑھایا جا سکتا ہے:۔۔۔ 1 شکر گزاری۔۔۔ انسان کو چاہیے کہ اپنی زندگی میں مثبت امور پر توجہ مرکوز کرے تاکہ ان امور پر جو اس کے پاس نہیں یا پھر وہ امور جو اس کی زندگی میں غلط راستے پر گامزن ہیں۔ شکر گزاری کی عادت اپنا کر آپ زندگی میں مثبت پہلوؤں پر توجہ مرکوز کر سکیں گے اور پھر اپنی مسرت کو مزید بہتر بنا سکیں گے۔ 2۔۔۔ دھیان دینے کی مشق۔۔۔ روزانہ کے زندگی میں دھیان دینے اور ہوشیار رہنے کی عادت زندگی کو پوری طرح جینے میں مددگار ہوتی ہے۔ یہ تناؤ کے احساس کو کم کرتی ہے اور زندگی میں اچھی چیزوں کی آگاہی کو بڑھاتی ہے۔ اس طرح ذہن کو زیادہ خوشی حاصل ہوتی ہے۔۔۔ 3 مثبت تعلقات قائم کرنا۔۔۔ انسان خود کو ایسے لوگوں کے درمیان رہنے کا عادی بنا سکتا ہے جو زندگی کو مثبت نظر سے دیکھتے ہیں۔ اس طریقے سے محبت اور مسرت کے احساس کی فضا قائم ہوتی ہے۔۔۔ 4

آئینی عدالتوں کی ضرورت



میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

abdulbasitalvi@gmail.com

کسی بھی جمہوری معاشرے میں ایک منصفانہ اور مؤثر نظام انصاف ضروری ہے۔ یہ نہ صرف قانون کی حکمرانی کو برقرار رکھتا ہے بلکہ انفرادی حقوق اور آزادیوں کا بھی تحفظ کرتا ہے۔ اس سلسلے میں ریاست کا ایک اہم فرض ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ نظام انصاف تیزی سے اور مؤثر طریقے سے کام کرے۔

آئینی عدالتیں جمہوریت کے بنیادی اصولوں کے تحفظ اور ملک میں قانون کی حکمرانی کو برقرار رکھنے کے لیے اہم ہیں۔ یہ خصوصی عدالتی ادارے آئینی دفعات کی تشریح اور نفاذ کرتے ہیں، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ قوانین اور حکومتی اقدامات آئینی اصولوں کے مطابق ہوں۔ ان کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ وہ انفرادی حقوق کی نگہبان، سیاسی تنازعات کی ثالث اور جمہوری حکمرانی کے استحکام کے طور پر کام کرتی ہیں۔

دنیا کے بہت سے ممالک میں آئینی عدالتیں موجود ہیں جو اپنے متعلقہ سیاق و سباق میں مؤثر طریقے سے کام کرتی ہیں۔ ایک نمایاں مثال جرمنی کی وفاقی آئینی عدالت (Bundesverfassungsgericht) ہے جو 1951 میں قائم کی گئی تھی، جس کے پاس قوانین اور حکومتی اقدامات کا جائزہ لینے کا اختیار ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ بنیادی قانون (Grundgesetz) کی تکمیل کرتے ہیں۔ عدالت انسانی حقوق کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرتی رہی ہے، خاص طور پر ان تاریخی فیصلوں کو برقرار رکھتے ہیں۔ اس کے فیصلے آئینی بالادستی کے اصول کو تقویت دیتے ہوئے حکومت کی تمام شاخوں کو پابند کرتے ہیں۔ 1956 میں قائم کی گئی، اٹلی کی آئینی عدالت (Corte Costituzionale) اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ قومی قوانین اطالوی آئین کے مطابق ہوں۔ اس کے پاس غیر آئینی سمجھے جانے والے قوانین کو منسوخ کرنے اور حکومت کی مختلف شاخوں کے درمیان تنازعات کو حل کرنے کا اختیار ہے۔ اس کے فیصلوں نے اطالوی قانون کو خاص طور پر شہری حقوق اور آزادیوں سے متعلق گہری شکل دی ہے جس سے یہ ملک کے قانونی نظام کی سنگ بنیاد ہے۔

اس کے برعکس پاکستان کے عدالتی نظام کو متعدد چیلنجوں کا سامنا ہے جو اس کی کارکردگی، اعتبار اور رسائی کو متاثر کرتے ہیں۔ اگرچہ عدلیہ قانون کی حکمرانی کو برقرار رکھنے اور شہریوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہے، لیکن نظامی مسائل اس کی تاثیر میں رکاوٹ پیدا کرتے ہیں۔ ایک بڑی تشویش بڑی تعداد میں کیسز کا زیر التوا ہونا ہے۔

آئینی عدالتوں کا تصور دنیا نہیں ہے اور دنیا کے کئی ممالک میں موجود ہے۔ اگر ہمارا مقصد اپنے عدالتی نظام کو مضبوط کرنا، اپنے شہریوں کے لیے فوری انصاف کو یقینی بنانا، اور صوبوں کے درمیان تفاوت کو ختم کرنا ہے تو FCC کا قیام ضروری ہے۔

بدقسمتی سے پاکستان میں بنیادی قومی مسائل پر ہماری سیاسی جماعتوں اور قائدین میں اتحاد کا فقدان ہے۔ آج کی پیچیدہ اور تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا میں بنیادی قومی مسائل پر اتحاد کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ چاہے معاشی استحکام، سلامتی، تعلیم یا صحت عامہ سے متعلق ہوں، چیلنجوں سے مؤثر طریقے سے نمٹنے کے لیے ایک مربوط نقطہ نظر بہت ضروری ہے۔ اتحاد قانون کو فروغ دیتا ہے، لچک کو بڑھاتا ہے اور بالآخر بہتر حکمرانی کا باعث بنتا ہے۔

ہر قوم متنوع برادریوں پر مشتمل ہوتی ہے اور ہر ایک منفرد نقطہ نظر اور تجربات لاتا ہے۔ اگرچہ یہ تنوع قومی تانے بانے کو تقویت بخشتا ہے، لیکن یہ بنیادی مسائل سے نمٹنے میں ٹکڑے ٹکڑے ہونے کا باعث بھی بن سکتا ہے۔ اتحاد کو اپنانے کا مطلب اختلافات کو نظر انداز کرنا نہیں ہے۔ بلکہ، اس میں مشترکہ مقاصد کے لیے مل کر کام کرنے کے لیے مشترکہ بنیاد تلاش کرنا شامل ہے۔ قومی مسائل پر متحد ہو کر معاشرے تمام شہریوں کی ضروریات کو پورا کرنے والے جامع حل تخلیق کرنے کے لیے اپنے متنوع کو بروئے کار لا سکتے ہیں۔

پاکستان کے عدالتی نظام کی بات کریں تو ایسا دکھائی دیتا ہے کہ یہ بنا ہی سیاسی معاملات اور لکھیٹروں کو نمٹانے کے لیے ہے اور عوام کے حصے میں عدالتی نظام کی کرپشن، مقدمات میں تاخیر اور مایوسی ہی آتی ہے۔ عوامی مسائل کو نظر انداز یا زیر التوا رکھتے ہوئے صرف اور صرف سیاسی اور آئینی مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہی عدالتوں کا کام نہیں ہوتا۔ ہماری سپریم کورٹ آئینی اور سرکاری معاملات میں بہت زیادہ مصروف ہے، جس کی وجہ سے ہائی کورٹس سے جائزے کے لیے اس کے پاس آنے والے مختلف مقدمات کو فوری طور پر حل کرنا ایک بہت بڑا چیلنج ہے اور ان مقدمات میں سالوں کا عرصہ لگ جاتا ہے۔ مجوزہ آئینی عدالتوں کا مقصد سپریم کورٹ پر اس بوجھ کو کم کرنا ہے، جس سے وہ دیگر مقدمات کو زیادہ تیزی سے حل کرنے پر توجہ دے سکے۔ یہ آئینی عدالتیں آئینی اور سرکاری معاملات سے الگ سے نمٹ کر طوالت سے چلنے والے عدالتی عمل کو کم کرنے میں بھی مدد کریں گی۔

پاکستان کے عوام کو فوری انصاف کا حق حاصل ہے اور اس کے حصول کے لیے ہماری سپریم کورٹ کو آئینی اور حکومتی معاملات سے متعلق مقدمات کے دباؤ سے آزاد کرنا ہوگا۔ پاکستان کی عوام آئینی عدالتوں کی اہمیت کو سمجھتی ہے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ ہماری سیاسی جماعتیں اور لیڈر بھی اپنے اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اس اہم قومی معاملے پر یک جہتی کا مظاہرہ کریں۔

محمد وسیم، فائسٹ باؤلنگ کوچ جنید خان، سپن باؤلنگ کوچ عبدالرحمٰن، فیلڈنگ کوچ حنیف ملک نے ویمن ٹیم کی کھلاڑیوں کو پریشر کرائی، پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم (آج) سکاٹ لینڈ کے خلاف پہلا وارم اپ میچ کھیلے گی، پاکستانی ٹیم کا دوسرا وارم اپ میچ 3 ستمبر بنگلا دیش سے ہوگا۔

پاکستان کی ویمن کرکٹ ٹیم کی آئی سی سی اکیڈمی میں پریکٹس

دبئی (اے ایف پی) آئی سی سی ویمن ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ، پاکستان کی ویمن کرکٹ ٹیم نے آئی سی سی اکیڈمی اوول 2 پر پریکٹس کی، ویمن ٹیم نے 9 بجے تک پریشر سیشن میں حصہ لیا، مائیرز نے باؤلنگ، بیٹنگ اور فیلڈنگ کی پریکٹس کی، ہیڈ کوچ محمد وسیم، فاسٹ باؤلنگ کوچ جنید خان، سپن باؤلنگ کوچ عبدالرحمٰن، فیلڈنگ کوچ حنیف ملک نے ویمن ٹیم کی کھلاڑیوں کو پریشر کرائی، پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم (آج) سکاٹ لینڈ کے خلاف پہلا وارم اپ میچ کھیلے گی، پاکستانی ٹیم کا دوسرا وارم اپ میچ 3 ستمبر بنگلا دیش سے ہوگا۔

پاکستان کیخلاف ٹیسٹ سیریز سے قبل انگلش ٹیم کا اہم فاسٹ بولر انجری کا شکار

دونوں ٹیموں کے درمیان سیریز کا پہلا ٹیسٹ 7 سے 11 اکتوبر تک شیڈول ہے

لندن (اے ایف پی) 7 اکتوبر سے شروع ہونے والے ٹیسٹ میچ سے انگلینڈ کا پہلا میچ نکل گیا، انگلش ٹیم کے فاسٹ بولر پاکستان کیخلاف سیریز کے آغاز سے قبل انجری کا شکار ہو کر باہر ہو گئے۔ انگلش کرکٹ بورڈ (ای سی بی) نے پاکستان کیخلاف 17 رکنی اسکواڈ کا اعلان کیا تھا جس میں فاسٹ بولر جوش مل بھی شامل تھے تاہم وہ انجری کے باعث دورہ پاکستان سے باہر ہو گئے ہیں۔ انگلینڈ 3 ٹیسٹ میچز کھیلنے کیلئے اگلے ماہ اکتوبر کے آغاز میں پاکستان پہنچے گی، دونوں ٹیموں کے درمیان سیریز کا پہلا ٹیسٹ 7 سے 11 اکتوبر تک شیڈول ہے۔ 20 سالہ انگلش فاسٹ بولر جوش مل نے رواں ماہ سری لنکا کے خلاف اپنا ٹیسٹ ڈیبیو کیا تھا، انہوں نے صرف 10 فرسٹ کلاس میچز کھیلے ہیں۔ دوسری جانب جوش مل کی انجری کے بعد انگلش کرکٹ بورڈ نے ان کے متبادل کے طور پر کسی دوسرے کھلاڑی کو شامل نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

ڈیوائن براوو نے بین الاقوامی کرکٹ کو خیر باد کہہ دیا

ڈیوائن براوو نے تمام طرح کی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کی تصدیق کر دی

بیجنگ (اے ایف پی) ویسٹ انڈیز کی کرکٹ ٹیم کے سابق مایہ ناز آل راؤنڈر ڈیوائن براوو نے تین فارمیٹس کی بین الاقوامی کرکٹ کو خیر باد کہہ دیا ہے، 40 سالہ سابق ویسٹ انڈیین آل راؤنڈر ڈیوائن براوو نے تمام طرح کی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کی تصدیق کر دی ہے، 5 بار کی بی ایل ٹرافی اٹھانے والے ڈیوائن براوو نے انسٹاگرام پر اپنی ایک پوسٹ میں کہا کہ میرا ہمیشہ مزید دوڑنے، فوٹ پھوٹ اور تالیوں کی بوچھاڑ ختم ہو گئی ہے، اس لیے میں اپنی دل کے ساتھ باضابطہ طور پر ہر طرح کی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر رہا ہوں، ڈیوائن براوو نے ویسٹ انڈیز میں جاری کیریبین پریمئر لیگ (سی پی ایل) کے ایڈیشن سے قبل اعلان کیا تھا کہ یہ ان کا آخری ٹورنامنٹ ہوگا۔

ہاسو سانگا تھیٹر جیگیر ٹرافی میں تزئین کرکٹ کیڈٹس کی خواتین کھلاڑیوں کو پریشر کرتے ہوئے دیکھ رہے ہیں۔ (فوٹو: ایس ایم این آئی)

ٹیم کی سرجری کی بجائے پی سی بی کو ٹھیک کریں، فخر زمان

چیئرمین کی اصل توجہ اپنے ارگرد موجود انتظامی اہلکاروں پر مرکوز ہونی چاہیے

لاہور (اے ایف پی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے سابق بلے باز فخر زمان نے چیئرمین محسن نقوی پر کھیل کو تنقید کرتے ہوئے زور دیا ہے کہ وہ ٹیم میں تبدیلیوں کے بجائے انتظامی اصلاحات کو ترجیح دیں۔ یہ جرات مندانہ بیان سابق کرکٹر راشد لطیف کی جانب سے ٹوئٹر پر شیئر کی گئی ایک ویڈیو ڈسکشن میں نمایاں کیا گیا۔ ویڈیو میں راشد لطیف اور ٹی وی پریزینٹر اور کرکٹ نمائندے ڈاکٹر لعمان نیاز کے درمیان ہونے والی گفتگو کو دکھایا گیا ہے جہاں وہ پی سی بی کے حال ہی میں ختم ہونے والے ٹیسٹ کپ کے دوران فخر زمان کے ریمارکس پر گفتگو کر رہے ہیں۔ کپ کے دوران فخر زمان نے چیئرمین محسن نقوی کو سمیلان میں نتائج کو بہتر بنانے کے لیے پاکستان کرکٹ پر "مزید" کرنے کے بارے میں ان کے مقابلہ ؟؟ تبصرے کی یاد دلائی۔ فخر زمان نے تجویز پیش کی کہ اصل توجہ چیئرمین کے ارگرد موجود انتظامی اہلکاروں اور کھلاڑیوں کے مسائل کا تعین کرنا چاہیے جو اہداف کے تعین۔۔۔ روزانہ کے کاموں کو ایسے چھوٹے قابل حصول اہداف میں تقسیم کرنا چاہیے جو پورے کیے جا سکیں اور پھر ان پر پورے دل سے عمل کرنا چاہیے۔ قابل حصول اہداف کو پورا کرنے سے انسان کا مایوسی کا احساس ہوتا ہے اور اس کی خود اعتمادی میں اضافہ ہوتا ہے۔۔۔ 5 دھمروں پر مہربانیاں کیجیے۔۔۔ تیقیہ دھمروں کی مدد کرنے کے جسم میں ایسے ہارمونز خارج ہوتے ہیں جو خوشی کا احساس دلاتے ہیں۔ خوامہ والی عملیات یا کسی شخص کی معاونت یا ضمن کسرا ہٹ سے متعلق ہوں، دھمروں کے ساتھ مہربانی کرنا آپ کے اپنے مزاج کو بھی اچھا بنا سکتی ہے۔۔۔ 6 چیلنجوں کے لیے دماغ کھلا رکھیں۔۔۔

Show Biz شوبز کارنر

مرداداکاروں کو بھاری معاوضے دینا بند کر دیئے، کرن جوہر

مرداداکار یا ہیرو فلم کا 70 فیصد بجٹ اپنے معاوضے کی صورت میں لے جاتے ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ فلم میکر کرن جوہر نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے اپنی فلم کے لیے مرد اداکاروں کو بھاری معاوضے دینا بند کر دیئے ہیں۔ بھارتی چینل کی میٹل گفتگو میں بات کرتے ہوئے بالی ووڈ کو متعدد ہٹ فلمیں دینے والے فلم میکر کرن جوہر نے کہا کہ میں دیگر فلم میکرز کی بھی زور دوں گا کہ وہ مرد اداکاروں کے معاوضوں میں کمی کاٹ کیا جانا ہے۔ وقت آگیا ہے کہ اب ہے اداکاروں کو کمی جائس دیا جائے۔ کرن جوہر کا مزید کہنا تھا کہ ان کی کم بجٹ کی نئی فلم 'کل ہو نہ کام کرنے سے بڑے اداکاروں نے انکار کر دیا۔

جس نے تھیٹر پر کام نہیں کیا اسے اداکاری کی مکمل سمجھ نہیں آسکتی' صباء حمید

نئے اداکاروں میں سے کوئی رہنمائی لینا چاہتا ہے تو ضرور اس کی مدد کرتی ہوں' انٹرویو

لاہور (این این آئی) سینئر اداکارہ صباء حمید نے کہا ہے کہ دہائیوں سے شوبز کی دنیا سے وابستہ ہوں اور سمجھتی ہوں کہ جس نے تھیٹر نہیں کیا اسے اداکاری کی مکمل سمجھ نہیں آ سکتی، شعبے والی نہیں نئے اداکاروں میں سے کوئی رہنمائی لینا چاہتا ہے تو ضرور اس کی مدد کرتی ہوں۔ انہوں نے ایک انٹرویو کے دوران کہا کہ مجھے اداکاری کا شوق نہیں تھا لیکن پی ٹی وی کی عمارت دیکھنی تھی تو اندر جانے کا شوق ضرور تھا، مجھے پہلی دفعہ پی ٹی وی کے نامور پروڈیوسر شہزاد خلیل (مرحوم) نے متعارف کروایا اور پھر پہلی ڈرامہ سیریل میں میرے ہمراہ عظمیٰ گیلانی بھی تھیں۔

ندا یاسر کا اپنی شادی پر آئے خرچے سے متعلق انکشاف

22 سال قبل میری شادی کی 3 تقریبات پر 10 لاکھ روپے کا خرچہ آیا تھا

میزبان نمایاسر نے اپنی 2 سال قبل ہونے والی شادی پر آئے خرچے پر متعلق انکشاف کیا ہے۔ نمایاسر کا اداکار فیصل قریشی کو دیئے گئے انٹرویو کا ایک کلپ سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہا ہے جس میں فیصل نے ندا سے ان کی اور بھائیوں کا یاسر نواز کی شادی پر ہونے خرچے سے متعلق سوال کیا۔ دوران انٹرویو ندا نے بتایا کہ ایک وقت تھا جب مارننگ شوز میں شائقین شادی پر مبنی مواد دیکھنا چاہتے تھے، اب ٹریڈ کافی بدل گیا ہے۔ اسی دوران انہوں نے انکشاف کیا کہ مجھے مارننگ شو کی میزبانی کرتے ہوئے 15 سال سے زائد کا عرصہ ہو گیا ہے۔

لائبہ خان کے پرنٹڈ ساڑھی میں حسن کے جلوے

تصاویر نے سوشل میڈیا پر آتے ہی فیشن کی دنیا میں تہلکہ مچا دیا

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ لائبہ خان نے پرنٹڈ ساڑھی میں حسن کے جلوے بکھیر کے ماحول کو گرما دیا ہے بنا یا حال ہی میں اداکارہ لائبہ خان نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنے آفیشل اکاؤنٹ سے چند نئی تصاویر شیئر کیں جو ماحوں کے دلوں کو بھا گئیں۔ مذکورہ تصاویر میں لائبہ خان نے سیاہ بلاؤز کے ساتھ پرنٹڈ ساڑھی زیب تن کر رکھی ہے، اداکارہ نے بالوں کو بھارت کے ساتھ باندھ ہوا ہے جبکہ کلائیوں میں بھاری کڑے اور کانوں سے بندے بھی ڈالے ہوئے ہیں۔ لائبہ نے اس موقع پر گہرا میک اپ بھی کیا ہوا ہے۔

ان مردوں پر حیرت ہوتی ہے جو انہی بیویوں کو نگ لباس پہنا کر گھر سے نکلتے ہیں، ثناخان

لاہور (این این آئی) اسلام کی خاتون شوبز انڈسٹری نے کہا ہے کہ میں حیران ہوتی ہوں کہ کیسے اپنی بیویوں کو چھوٹے چھوٹے کپڑے پہنا کر گھر سے باہر لے جاتے ہیں۔ ثناخان نے کہا ایسے مرد اس بات پر فخر بھی محسوس کر رہے ہوتے ہیں

جاب آنے کے حوالے سے گفتگو کی۔ سابقہ اداکارہ نے کہا ہر مرد چاہتا ہے کہ اس کی عورت باحیا ہو اور ڈھکے چھپے کپڑے پہنے، ہر انسان کو اچھا لگتا ہے کہ اس کی بیوی سوفیسٹیکیٹڈ ہے، میں تو اس ایسے مردوں کو دیکھتی ہوں تو عجیب لگتا ہے کہ کیسے اپنی بیویوں کو چھوٹے چھوٹے کپڑے پہنا کر گھر سے باہر لے جاتے ہیں۔ ثناخان نے کہا ایسے مرد اس بات پر فخر بھی محسوس کر رہے ہوتے ہیں

ان پر افسوس ہوتا ہے جنہیں اردو نہیں آتی، حنا خواجہ بیات

اردو زبان سے واقف لوگوں کو اداکارہ حنا خواجہ بیات نے آڑے ہاتھوں لیا

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکارہ و میزبان حنا خواجہ بیات نے اردو زبان سے ناواقفیت پر فخر اور برطانوی اور امریکی لہجہ اپنانے والوں پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ برطانوی اور امریکی زبان سیکھنے سے پہلے اردو سے واقف ہونا ضروری ہے۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اداکارہ کے کمنٹ کا ایک اسکرین شاٹ خوب وائرل ہو رہا ہے۔ وائرل اسکرین شاٹ میں اداکارہ نے ایسے پاکستانیوں کو آڑے ہاتھوں لیا ہے جو اپنی زبان اردو سے واقف نہیں ہیں۔

مہوش حیات کے یورپ میں سیر سپاٹے، تصاویر وائرل

مہوش حیات کے یورپ میں سیر سپاٹوں کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئیں

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ مہوش حیات کے یورپ میں سیر سپاٹوں کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئیں۔ حال ہی میں اداکارہ مہوش حیات نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنے آفیشل اکاؤنٹ سے چند تصاویر شیئر کیں جو ماحوں کے دلوں کو بھا گئیں۔ مذکورہ تصاویر میں اداکارہ بلیو جینز اور سویٹ شرٹ کے ساتھ گہرے نیلے رنگ کے کوٹ میں ملبوس ہیں اور یورپی ملک کی سیر و تفریح سے محظوظ ہو رہی ہیں۔ اس موقع پر اداکارہ نے بال کھول رکھے ہیں اور ان کا سیر سپاٹے ماحوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرا رہی ہیں، بلکہ میک اپ میں نازک ادائیں مہوش کے حسن کو دوآتشہ کر رہی ہیں۔ تصاویر نے سوشل میڈیا پر آتے ہی دھوم مچا

بقیہ 1

بھری کر رہے ہیں، جیل ملکھڑا کا بھی کڑا احتساب ہوگا۔ وزیر تحرار محمد اورنگزیب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے رات پاکستان کی ترقی کے لیے کام کر رہے ہیں اور عوامی پالیسیوں سے لاکھوں کروڑ کا فائدہ ہوگا۔ ڈسٹ ڈیمنٹ کی آمد سے 29 فیصد برآمدات میں اضافہ ہوا ہے، ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر بلند ہوئے ہیں۔ پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر بلند ترین سطح پر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان معیشت میں استحکام آگیا ہے، میکرو اکنامک اشاریہ مثبت ہیں بلکہ راستہ ہے، ہماری اسٹاک مارکیٹ بھی بہترین پرفارم کر رہی ہے، سرمایہ کاری کا اعتماد معیشت کی مضبوطی کے حوالے سے بڑی کامیابی ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ فی شیئر کوٹ کے لوکیز آئے ہوگا، افراط زر کی سے پالیسی ریٹ 6.25 فیصد ہوئی ہے، ملک کے معاشی ایجنڈے کے لیے بہترین ذہن چاہئیں، ملک کی بہتری کے لیے یہ دن ملک سے ماہرین کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اداروں میں اصلاحات لا رہے ہیں، سائنس کھولوں بڑھانا ناگزیر ہے، ہم رائٹ سائنس کو بڑھا رہے ہیں، 60 ہزار انٹرنیٹ فیسٹر کے لیے پالیسی بنائی جا رہی ہے، ہم ٹیکنالوجی کے لیے بہترین ذہن چاہئیں، ملک کی بہتری کے لیے یہ دن ملک سے ماہرین کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اداروں میں اصلاحات لا رہے ہیں، سائنس کھولوں بڑھانا ناگزیر ہے، ہم رائٹ سائنس کو بڑھا رہے ہیں، 60 ہزار انٹرنیٹ فیسٹر کے لیے پالیسی بنائی جا رہی ہے، ہم ٹیکنالوجی کے لیے بہترین ذہن چاہئیں، ملک کی بہتری کے لیے یہ دن ملک سے ماہرین کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اداروں میں اصلاحات لا رہے ہیں، ٹیک

6 وفاقی وزارتوں سے متعلق اہم فیصلہ

آئی ایف کے پاس جانے کا مقصد معاشی استحکام اور جاری منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانا تھا، اس پروگرام کے آنے کے بعد ہم معاشی استحکام کی طرف تیزی سے بڑھیں گے

آئی ایم ایف اسٹینڈ بائی ایگریمنٹ کو کامیابی سے مکمل کرلیا، یہ سب وزیراعظم شہباز شریف کی کاوشوں سے ہوا ہے، اس میں سابق نگران حکومت کا بھی مثبت کردار تھا، اب معاشی استحکام آئے گا

ایف بی آر میں ٹیکس سسٹم میں انسانی عمل دخل ختم کرنا ہے، ٹیکس وصولی کیلئے انسانی حقوق کی پاس داری ضروری ہے، ہمارے پاس ہر طرح کا ڈیٹا ہے جسے ہم زیر استعمال لائیں گے

اس وقت صرف 14 فیصد ریٹلرز سیلز ٹیکس میں رجسٹرڈ ہیں، نان رجسٹرڈ لوگوں کی یوٹیلیٹی سروسز بلاک کرنے پر مجبور ہو جائیں گے، آڈٹ کرنا ایف بی آر کا کام نہیں

اس حوالے سے ہم 2000 چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ بھرتی کر رہے ہیں، ٹیکس کلیکٹرز کا بھی کڑا احتساب ہو گا، سینیٹر محمد اورنگزیب کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت نے 6 وفاقی وزارتوں سے متعلق فیصلہ کرلیا ہے، اب عمل درآمد کرنا ہے، آئی ایف کے پاس جانے کا مقصد معاشی استحکام اور جاری منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانا تھا، اس پروگرام کے آنے کے بعد ہم معاشی استحکام کی طرف تیزی سے بڑھیں گے، آئی ایم ایف اسٹینڈ بائی ایگریمنٹ کامیابی سے مکمل کرلیا، یہ سب وزیراعظم شہباز شریف کی کاوشوں سے ہوا ہے، اس میں سابق نگران حکومت کا بھی مثبت کردار تھا، اب معاشی استحکام آئے گا، ایف بی آر میں ٹیکس سسٹم میں انسانی عمل دخل ختم کرنا ہے، ٹیکس وصولی کیلئے انسانی حقوق کی پاس داری ضروری ہے، ہمارے پاس ہر طرح کا ڈیٹا ہے جسے ہم زیر استعمال لائیں گے، اس وقت صرف 14 فیصد ریٹلرز سیلز ٹیکس میں رجسٹرڈ ہیں، نان رجسٹرڈ لوگوں کی یوٹیلیٹی سروسز بلاک کرنے پر مجبور ہو جائیں گے، آڈٹ کرنا ایف بی آر کا کام نہیں، اس حوالے سے ہم 2000 چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ (بقیہ نمبر 1)

وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

قائم قائم بیکر ملک ظہیر اقبال، چیئرمین کے قونصل جنرل ڈاؤشیرین کے ہمراہ عوامی جمہوریہ چین کے قومی دن کی 75 ویں سالگرہ کی مناسبت سے کیک کاٹ رہے ہیں

اپنے دل کا خیال رکھیں۔ صحت مند طرز زندگی اپنائیں

تمباکو نوشی اور مضر صحت خوراک سے اجتناب کریں اور ایکسر سائز کو اپنا معمول بنائیں اور ذہنی ٹینشن سے بچیں

اس سے دل کی بیماریوں سے بچ جا سکتا ہے۔ ورلڈ ہارٹ ڈے پر صدر پناہ میجر جنرل (ر) مسعود الرحمٰن کیانی کا پیغام

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) دنیا بھر میں آج دل کا عالمی دن منایا جا رہا ہے جس کا مقصد لوگوں کو دل کی بیماریوں سے بچاؤ کی آگاہی دینا ہے۔ پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) نے اسی سلسلے میں آج آرمڈ فورسز انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی (اے ایف آئی سی) میں ایک تقریب کا انعقاد کیا جس کا مقصد اپنے ہم وطنوں کو دل کی بیماریوں سے بچاؤ کی آگاہی دینا تھا۔ تقریب سے خطاب (بقیہ نمبر 2 1)

چین کے قومی دن کی 75 ویں سالگرہ کی تقریب، کیک کاٹا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور کے مقامی ہوٹل میں عوامی جمہوریہ چین کے قومی دن کی 75 ویں سالگرہ کی تقریب ہوئی۔ قائم قائم بیکر، جناب اسکل ملک ظہیر اقبال چیئرمین خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں چین کے قونصل جنرل ڈاؤشیرین، چائنیز بزنس کونسل کے صدر مسٹر چین چیمان، معزز اراکین اسمبلی اور حکومتی عہدیداروں نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قائم قائم بیکر جناب اسکل ملک ظہیر اقبال چیز نے کہا کہ چین کے 75 ویں قومی دن پر پاکستانی عوام کی طرف سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ پاک چین تعلقات باہمی احترام، اعتماد اور ایک دوسرے کی خوشحالی کے لیے غیر متزلزل عزم پر قائم ہیں۔ پاکستان اور چین کے درمیان گہری دوستی، اعتماد، احترام اور روشن مستقبل کے مشترکہ وژن سے منسلک ہے۔

پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) میں آرمڈ فورسز انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی (اے ایف آئی سی) میں ایک تقریب کا انعقاد

ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام تین روزہ فری آئی کیمپ اختتام پذیر

ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کا اپر دیر میں فری آئی کیمپ کامیابی سے مکمل

سات سو مریضوں کا معائنہ اور 70 آنکھوں کے آپریشنز: ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کا کارنامہ

الخدمت فاؤنڈیشن اور ڈاکٹر خالد ڈوگر کی اعزازی خدمات، علاقہ کیمپوں کا شکریہ

اپر دیر (نمائندہ خصوصی) - ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام اپر دیر کے علاقے چکیاتاں میں تین روزہ فری آئی کیمپ اتوار، 29 ستمبر کی شام کو کامیابی سے اختتام پذیر ہوا۔ اس کیمپ میں مقامی آبادی کو آنکھوں کے معائنہ، آپریشن اور ادویات کی فراہمی کی سہولیات بالکل مفت مہیا کی گئیں۔ معروف آئی اسپیشلسٹ ڈاکٹر خالد ڈوگر اور ان کی ٹیم نے اعزازی خدمات سرانجام دیں، جبکہ الخدمت فاؤنڈیشن (بقیہ نمبر 2 2)

میڈیکل ٹیم اپر دیر میں تین روزہ فری آئی کیمپ میں خدمات سرانجام دے رہی ہے

کیس چور کیخلاف ایکشن، متعدد کنکشن منقطع، جرمانے

پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں مزید 84 گیس کنکشن منقطع، 27 لاکھ روپے سے زائد جرمانے عائد

گوجرانوالہ میں 2 کنکشن غیر قانونی گیس کے استعمال پر اور 1 کنکشن کمپریسر کے استعمال پر منقطع کیا گیا

لاہور (نمائندہ خصوصی) سوئی ناردرن گیس کی جانب سے گیس چوری کے خلاف جاری مہم کے دوران پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں مزید 84 گیس کنکشن منقطع کر دیے گئے، جبکہ 27 لاکھ روپے سے زائد جرمانے عائد کیے گئے۔ لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 19 کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 14 کنکشن منقطع کیے گئے، جبکہ گیس چوری کے الزام میں 12 لاکھ 50 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ گوجرانوالہ میں 2 کنکشن غیر قانونی گیس کے استعمال پر اور 1 کنکشن کمپریسر کے (بقیہ نمبر 2 3)

پاکستان کے آبادی کے دھماکے سے نمٹنے کیلئے اہم اقدامات

ملک کو آبادی کی تبدیلی کے انتظام میں منفرد چیلنجز کا سامنا ہے

محکمہ پاپولیشن ویلفیئر پنجاب میں مربوط سپلائی چین کے تاریخ ساز انتظامات

پنجاب میں خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات تک وسیع رسائی یقینی بنائی گئی ہے

کنٹرا سیپٹیو ٹولز و ادویات کی معلومات برائے درست اشیاء کی پیشگوئی، سپلائی کی منصوبہ بندی

''مربوطہ سپلائی چین کے انتظام کی معلومات کی مضبوطی برائے درست اشیاء کی پیشگوئی سپلائی کی منصوبہ بندی اور منظر کشی'' سکیم دور رس نتائج کی حامل قرار

سکیم کے بنیادی اجزاء میں عوامی اور نجی شعبوں میں مانع حمل اشیاء کی مستقل فراہمی بہت اہم ہے

مانع شعبے میں این جی اوز جیسے ہینڈز، ہاتھ فاؤنڈ، آر ایس پی این، رہنما، اور اکبر حامد فاؤنڈیشن کو بھی مانع حمل اشیاء فراہم کی گئیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ ثمن رائے نے کہا ہے کہ پاکستان، جو کہ دنیا کا چھٹا سب سے زیادہ آبادی والا ملک ہے اور 2017 کے مطابق اس کی آبادی 208 ملین ہے، آبادی کی تیزی کے انتظام میں منفرد چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے۔ نوجوان آبادی کی بڑی تعداد اور زچگی کی شرح میں متوقع کمی سے شہری آبادی میں اضافے کا مسئلہ (بقیہ نمبر 2 4)

سی پیک نے پاک چین دوستی کو نئی بلندیوں پر پہنچایا، محسن نقوی

پاکستان کی معیشت کو مستحکم بنانے میں چین کا تاریخی کردار، سی پیک نے پاک چین دوستی کو نئی بلندیوں پر پہنچایا، محسن نقوی

پاکستان ہمارا بہترین دوست ہے، پاکستان کے ساتھ تعاون جاری و ساری رہے گا، چینی قونصل جنرل ڈاؤشیرین کی گفتگو

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے چینی قونصل جنرل ڈاؤشیرین سے ملاقات کی، محسن نقوی نے چین کے یوم تاسیس پر چینی قونصل جنرل ڈاؤشیرین کو مبارکباد دی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ صدر مملکت جن پنگ کی قیادت میں چین نے ترقی کی نئی منازل طے کی ہیں، چین پاکستان کا سب سے بااعتماد اور مخلص دوست ہے، چین کی تیز رفتار ترقی سب کے لئے رول ماڈل ہے، پاکستان کی معیشت کو مستحکم بنانے میں چین کا تاریخی کردار ہے، پاکستان کو چین کے (بقیہ نمبر 2 5)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے چینی قونصل جنرل ملاقات کر رہے ہیں

IMF پاکستان کیلئے 7 ارب ڈالر بیل آؤٹ کے معاشی اہداف مقرر

جس کا مقصد مالیاتی اصلاحات کے ذریعے معیشت کو مستحکم کرنا اور پائیدار ترقی کو فروغ دینا ہے

آئی ایم ایف کے اندازوں کے مطابق پاکستان کی معیشت مالی سال 2025 میں بتدریج بحال ہو گی، پیش گوئی کی گئی ہے

اسلام آباد (یو پی آئی) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے اپنے 7 ارب ڈالر، 37 ماہ کے تحت پاکستان کی توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) کے لیے اہم اقتصادی اہداف مقرر کیے ہیں جس کا مقصد مالیاتی اصلاحات کے ذریعے معیشت کو مستحکم کرنا اور پائیدار ترقی کو فروغ دینا ہے۔ مالی سال 2025 کے لیے آئی ایم ایف کے تخمینوں میں جی ڈی پی کی شرح نمو 3.2 فیصد اور افراط زر کی (بقیہ نمبر 2 6)

بے گناہ مزدوروں کو ناحق قتل کرنا انسانی اقدار کے منافی ہے

یوسف رضا گیلانی کی پنجگور کے علاقے میں شرپسند عناصر کی جانب سے مزدوروں پر فائرنگ کے واقعہ کی مذمت

واقعہ میں ملوث شرپسند عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پنجگور کے علاقے میں شرپسند عناصر کی جانب سے مزدوروں پر فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ مزدوروں کو ناحق قتل کرنا انسانی اقدار کے منافی ہے، واقعہ میں ملوث شرپسند عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ اپنے بیان میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے فائرنگ (بقیہ نمبر 2)



راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے پر 4 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق رواں پولیس نے ملزم خالد سے 01 پستول 30 بور مع ایمونیشن، کھوہ پولیس نے ملزم قاسم سے 01 پستول 30 بور مع ایمونیشن، کینٹ پولیس نے ملزم محمد منان (بقیہ نمبر 3)

کھوہ پولیس کی کارروائی ملزمے سے نازیبا حرکات کرنیوالا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) کھوہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 15 سالہ لڑکے سے نازیبا حرکات کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق متاثرہ لڑکے نے کھوہ پولیس کو درخواست دی کہ ملزم بلال نے اس کے ساتھ نازیبا حرکات کیں، کھوہ پولیس نے متاثرہ لڑکے کی معیت میں مقدمہ درج کر کے ملزم بلال کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی (بقیہ نمبر 5)

چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام ارشاد محمود احمد خان ٹورازم انسائٹس رپورٹ 2024 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

یوای ای جانیوالے پاکستانیوں کیلئے اہم ہدایات جاری

یوای ای میں قوانین کی خلاف ورزی پر سنگین نتائج کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات میں ملازمت یا وزٹ ویزا پر جانے والے پاکستانیوں کے لیے اماراتی حکام نے تمام قواعد و ضوابط پر عمل درآمد کرنے کی ہدایت کی ہے۔ خلیج ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق ایک انٹرویو میں پاکستانی قونصل (بقیہ نمبر 4)

سالانہ 75 ہزار سے زائد بچے دل کی بیماریوں کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں

پیڈیاٹرک کارڈک سرجنز کی تعداد بہت کم، بچوں کی پیچیدہ، سرجری ملک میں ریفر نہیں کی جاتیں

کراچی (این این آئی) پاکستان میں سالانہ 75 ہزار سے زائد بچے دل کی بیماریوں کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔ یہی ماہرین کے مطابق پاکستان میں پیڈیاٹرک کارڈک سرجنز کی تعداد بہت کم ہے جس کی وجہ سے بچوں کی پیچیدہ، سرجری ملک میں ریفر نہیں کی جاتیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ان میں ایک پیچیدہ سرجری وہ ہے جس میں پیدائشی طور پر جسم سے باہر ٹشوز پائے (بقیہ نمبر 5)

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات

پولیس کے 450 سے زائد افسران وجوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات کئے گئے، راولپنڈی پولیس کے 450 سے زائد افسران وجوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات کئے گئے، راولپنڈی پولیس کے 450 سے زائد افسران وجوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض

صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین سے انٹرنیشنل لیبر انڈسٹریز کا وفد ملاقات کر رہا ہے

چین میں وفات پانیوالی طالبہ کی میت پاکستان پہنچادی گئی

میت کو اسلام آباد سے ایمبولینس کے ذریعے لیاقت پور پہنچایا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) چین میں وفات پانے والی میڈیکل کی طالبہ فرحانہ مشتاق کی میت اسلام آباد ایئرپورٹ پہنچادی گئی۔ بی ایچ اے کی پرواز میت لے کر اسلام آباد ایئرپورٹ پہنچی۔ فرحانہ مشتاق کے والد کا کہنا ہے کہ میت کو اسلام آباد سے ایمبولینس کے ذریعے لیاقت پور پہنچایا جائے گا۔ لڑکی کے چچا نے بتایا کہ لیاقت پور کی طالبہ فرحانہ بیچک (بقیہ نمبر 17)

نواز شریف کے پاس خاموش رہنے کا آپشن نہیں

اگر آج خاموش رہتے ہیں تو کل جواب دینا پڑیگا، شاہد خاقان عباسی نے خبردار کر دیا

لاہور (آئی این پی) عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ شاہد خاقان عباسی کا کہنا ہے کہ کسی کو اندازہ ہی نہیں کہ آئینی عدالتوں کی حدود کیا ہوں گی، بیرکیم اس لیے لانا چاہتے ہیں کہ ایک شخص چیف جسٹس نہ بن سکے۔ لاہور کی نئی یونیورسٹی میں خطاب اور میڈیا سے (بقیہ نمبر 18)

ملتان، بیکر ڈی زراعت افتخار علی سہو زیر اطلاع پنجاب کسان کارڈ فراہمی مرکز کے معائنہ کے دوران کاشتکاروں سے گفتگو کر رہے ہیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم قلب منایا گیا

ہر سال دنیا میں ایک کروڑ 75 لاکھ افراد دل کے امراض کی وجہ سے جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم قلب منایا گیا۔ اس دن کی مناسبت سے عالمی صحت اور دل کے امراض کے حوالے سے کام کرنے والی غیر سرکاری تنظیموں کے زیر اہتمام سیمینارز، کانفرنسز اور واکس کا اہتمام کیا گیا۔ اسمال اس دن کا موضوع ''دل کیلئے دل کا استعمال'' رکھا گیا۔ دل کے امراض اور دل کا درد دنیا بھر میں اموات (بقیہ نمبر 19)

مزدور رجسٹرڈ نہیں تھے جس کا دہشتگردوں نے فائدہ اٹھایا

مزدوروں کی رجسٹریشن نہ ہونے پر ذمہ داروں کیخلاف کارروائی ہوگی، شاہد رند

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت کے ترجمان شاہد رند نے عجیب منطق اختیار کرتے ہوئے کہا کہ مزدوروں کا قتل انتہائی دکھ ناک واقعہ ہے، مزدور رجسٹرڈ نہیں تھے جس کا دہشتگردوں نے فائدہ اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگرد آسان اہداف کو نشانہ بناتے (بقیہ نمبر 20)

اسرائیل دہشتگرد کارروائیوں میں مصروف ہے، حافظ نعیم

اسرائیل کے سامنے حماس اور حزب اللہ سیسہ پلائی دیوار بنے ہوئے ہیں، امیر جماعت اسلامی

اسرائیل ساری کارروائی کے باوجود مزاحمت کی تحریک کو ختم نہیں کرسکتا، میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ اسرائیل کے سامنے حماس اور حزب اللہ سیسہ پلائی دیوار بنے ہوئے ہیں۔ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ اسرائیل دہشت گرد کارروائیوں میں مصروف ہے، اسرائیل ساری کارروائی کے باوجود مزاحمت کی تحریک کو ختم نہیں کرسکتا۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ غزہ میں بھی (بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی 4 منشیات فروش گرفتار، 4 کلو کے قریب چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کر کے 4 کلو کے قریب چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ پولیس نے ملزم ارسلان سے 01 کلو 520 گرام چرس، مندرہ پولیس نے ملزم فہیم سے 01 کلو 250 گرام چرس، ملزم فلاسٹیمر سے 600 گرام چرس، ملزم ذوہیب سے 580 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان (بقیہ نمبر 7)

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے ایران پر حملے کا عندیہ دیدیا

اسرائیل کسی بھی وقت ایران پر حملہ کرسکتا ہے، اسرائیلی حملے ایران سمیت مشرق وسطیٰ کے کسی بھی مقام کو نشانہ بنا سکتے ہیں

ہم نے لاقدار اسرائیلیوں، درجنوں امریکی اور فرانسیسی شہریوں کے قاتل کے ساتھ حساب چکتا کردیا، اسرائیلی وزیراعظم

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیلی وزیراعظم بینجمن نیتن یاہو نے ایران پر حملے کا عندیہ دے دیا۔ اپنے ایک بیان میں اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے کہا کہ اسرائیل کسی بھی وقت ایران پر حملہ کرسکتا ہے، اسرائیلی حملے ایران سمیت مشرق وسطیٰ کے کسی بھی مقام کو نشانہ بنا سکتے ہیں، پورے مشرق وسطیٰ نے اسرائیل کی طاقت تسلیم کرلی ہے۔ علاوہ ازیں سربراہ حزب اللہ حسن نصر اللہ کی شہادت کے بعد قوم سے خطاب کرتے ہوئے اسرائیلی وزیر نیتن یاہو نے کہا کہ ایران یا مشرق وسطیٰ میں کوئی بھی ہمارے لیے ہاتھوں کی پہنچ سے (بقیہ نمبر 8)

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی پنجگور میں مل ہونیوالے مزدوروں کی میتیں ایئرپورٹ پر وصول کر رہے ہیں

دہشت گرد کی علامت خطرناک شوٹر ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک

لاہور (این این آئی) پنجاب میں دہشت کی علامت سمجھا جانے والا انتہائی خطرناک شوٹر اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا۔ لاہور میں آرگنائزڈ کرائم یونٹ ماڈل ٹاؤن اور ڈاؤکوس کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، پنجاب میں دہشت کی علامت سمجھا جانے والا انتہائی خطرناک شوٹر اور ڈاؤ کیل احمد عرف جیلا اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا۔ ادھی روڈ ماڈل ٹاؤن کے مطابق جسانی ریاٹ کے ملزم کو ساتھیوں کی گرفتاری اور بڑے ریکوری علاقہ قضانہ کا بندہ لے جایا جا رہا تھا کہ راستے میں اس کے ساتھیوں نے اپنے ملزم ساتھی کو چھڑانے کے لیے پولیس پر اندھا دھند فائرنگ کر دی، ملزم ساتھیوں کی فائرنگ سے شوٹر جیلا شدید زخمی ہو گیا اسپتال منتقل کے دوران ہی دم توڑ گیا۔

نہتے محنت کشوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ فعل کی انتہا ہے

بلاول کی پنجگور میں دہشتگردی کی مذمت، وزیراعلیٰ سے تفصیلات طلب کرلیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پنجگور میں دہشتگردی کی مذمت کرتے ہوئے وزیراعلیٰ سے تفصیلات طلب کرلیں۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پنجگور میں مزدوروں کو بربریت (بقیہ نمبر 1 1)

پبلشر و چیف ایڈیٹر سجاد مصطفیٰ جتوئی نے کرن ذوالفقار پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ آئیڈیل پاکستان جوبری آرکیڈ چوک کچہری ملتان سے شائع کیا 0333-9233351